57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 274 | صفحات: 08 | ۶ اکتوبر ۲۰۲۵ بروز سوموار بمطابق ۱۲ ربیع الثانی ۱۴۴۷ | Monday 06th October 2025 | جلد نمبر 57



### 4ہزار رنز اور 3سو وکٹوں کے ڈبل کے قریب

احمد آباد میں ویسٹ انڈیز کے خلاف آل راؤنڈ کارکردگی کیلئے پلیئر آف دی میچ قرار پانے والے ہندوستانی آل راؤنڈر رویندر جڈیجہ 4000 رنز اور 300 وکٹوں کے تاریخی ڈبل کے قریب پہنچ گئے ہیں۔



### اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری

عالمی شہرت یافتہ ہسپانوی ٹینس اسٹار رافیل نڈال کو اسپین کی قدیم ترین درسگاہ یونیورسٹی آف سلامانکا کی جانب سے اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری دے دی گئی۔

# جموں وکشمیر کی ترقی نوجوانوں کی ترقی سے جڑی ہوئی/LG

## نوجوانوں کو زیادہ کاروباری، مہم جو، تخلیقی اور غیر روایتی نقطہ نظر پر عمل کرنے کا مشورہ

## مختلف مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء کو مبارک باد

سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کشمیر یونیورسٹی سری نگر میں منعقدہ ایبیکس لرننگ آف ہائیر ارتھمیٹک (اے ایل او ایچ اے) سٹیٹ لیول ارتھمیٹک آپریشنز مقابلے میں نمایاں کارکردگی دِکھانے والے طلباً اور جیتنے والوں کو مُبارک باد دی ۔ اِس مقابلے میں جموں وکشمیر کے مختلف حصوں سے زائد اَز 1,500 طلباً نے حصہ لیا۔ اُنہوں نے کہا،''جموں وکشمیر کی ترقی براہ راست نوجوانوں کی ترقی سے جُڑی ہوئی ہے۔ نوجوانوں کے پاس جموں وکشمیر اور ملک کو تبدیل کرنے کا مشن ہے۔ وہ عزم و اِستقلال اور لگن کے ساتھ اس مشن کو مکمل کر سکتے ہیں۔ ہم یہ یقینی بنائیں گے کہ اُنہیں ایسا ماحول فراہم ہو جہاں وہ باصلاحیت سکالر، بہترین محقق، سائنس دان اور اِختراع کار بن سکیں۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے اَپنے خطاب میں تمام حصہ لینے والے بچوں کو اُن کی غیر معمولی ریاضیاتی صلاحیتوں کے لئے مُبارک باد دِی۔ اُنہوں نے 'اے ایل او ایچ اے (الوہا) کی سراہتے ہوئے کہا کہ اس نے بچوں کو اَپنی اصل صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کا ایک دلچسپ موقع فراہم کیا ہے۔ اُنہوں نے نے کہا،''ارتھمیٹک آپریشنز محض عددی حسابات نہیں ہیں بلکہ یہ مسئلہ حل کرنے، تنقیدی سوچ اور استدلال جیسی مہارتوں کی بنیاد ہیں۔ ان کے دُور رس اثرات ہوتے ہیں کیوں کہ یہ نوجوان ذہنوں کو جدت، سائنس اور ٹیکنالوجی کی طرف مائل اور راغب کرتے ہیں۔ یہ اِس بات کی بھی یاددہانی ہے کہ اَساتذہ/1









### چناب میں دو ہفتوں تک گمشدگی کے بعد خاتون کی لاش برآمد

سرینگر/ سی این آئی/ خطہ چناب کے کشتواڑ علاقے علاقے میں دو ہفتوں سے لاپتہ خاتون کی نعش برآمد کر لی گئی۔ سی این آئی کے مطابق پولیس نے کشتواڑ میں ایک خاتون کی نعش برآمد کر لی جو دو ہفتوں سے لاپتہ تھیں۔ پولیس کے مطابق 22 سالہ خاتون کی نعش جو دو ہفتوں سے زائد عرصے سے لاپتہ تھیں اتوار کو کشتواڑ پولیس کی ایس ڈی آر ایف ٹیم نے برآمد کی۔/2

### اُدھمپور ائرپورٹ 2026ء تک مکمل ہوگا

### کشتوار ائرپورٹ پر بھی کام شروع کیا جائیگا

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق مرکزی حکومت نے سفر کو مزید آسان اور کم سے کم وقت میں تئے کرنے کے لئے ملک کے عوام کو بالعموم اور جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے وال لوگوں کو راحت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اُڑان اسکیم کے ساتھ اُدھمپور ائرپورٹ کو 2026 تک مکمل کیا جائیگا، جب کہ کشتواڑ ائرپورٹ پر بھی عنقریب کام شروع کیا جائیگا۔ ان دو ہوائی اڈوں کے قیام سے جموں وکشمیر میں چار کے قریب ایسے ہوائی اڈے ہونگے جہاں سے مسافر ملک اور بیرون ملک ہوائی سفر کر پائینگے۔

### لاکھوں روپے کا سپلائی فراڈ کا پردہ فاش، مقدمہ درج/کرائم برانچ

### تقریباً نصف کروڑ روپے کی دھوکہ دہی کا معاملہ بے نقاب

سرینگر/ یواین آئی/ کرائم برانچ کشمیر (سی بی کے) کی اقتصادی جرائم ونگ نے پونے میں مقیم ایک شخص کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے جس نے شکایت کنندہ سے 'سیفائن نیچرل نٹ 'فراہم کرنے کے بہانے پر لاکھوں روپے دھوکہ دہی سے وصول کئے ہیں۔ ونگ کے ایک ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اقتصادی جرائم، ونگ کو ایک تحریری شکایت موصول ہوئی جس میں الزام عائد کیا گیا کہ پونے میں مقیم ایک شخص، جو خود کو ڈی کے انٹرپرائزز نامی فرم کا مالک ظاہر کر رہا تھا، نے شکایت کنندہ سے رابطہ کیا اور 'سفائن نیچرل نٹ ' کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا: ' تاہم پیشگی رقم وصول/3

### DSP سمیت 8 پولیس اہلکاروں کی درخواست ضمانت خارج

### کپوارہ انٹراگیشن سینٹر میں پولیس اہلکار کو تشدد کا نشانہ بنانے کا معاملہ

سرینگر/ اے پی آئی/ کپوارہ انٹراگیشن سینٹر میں پولیس اہلکار کو تشدد کا نشانہ بنانے کے الزام میں ڈی ایس پی سمیت گرفتار کئے گئے پولیس اہلکاروں کی ضمانتی درخواست عدالت نے مسترد کر لی۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق سرحدی ضلع کپوارہ میں پولیس نے اپنے ہی محکمہ کے پولیس اہلکار خورشید احمد چوپان کو ملک دشمنی کے الزام میں گرفتار کیا اور اُس پر تشدد کی انتہا کر دی۔ تشدد کے خلاف پولیس اہلکار نے جموں وکشمیر لداخ ہائی کورٹ میں عرضی دائر کی تاہم ہائی کورٹ نے پولیس اہلکار کی عرضی کو خارج کیا جس کے بعد اُس نے سپریم کورٹ آف انڈیا کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ سپریم کورٹ آف انڈیا کے ڈویژن بینچ نے دائر کی گئی عرضی کی شنوائی کے دوران پولیس اہلکار پر ڈھائے جانے والے تشدد کو ناقابل برداشت، قانون کے منافی قرار دیتے ہوئے حکومت کو ہدایت دی کہ پولیس اہلکار کو 50 لاکھ روپے کا معاوضہ فراہم کیا جائے اور عدالت اعظمیٰ نے/4

### سونے کے زیورات کے ساتھ دو گائیں بھی اُڑا کر لے گئے

### شوپیان میں رات کے وقت چوری کے واقعات، گاؤں میں فکر و تشویش

سرینگر/ اے پی آئی/ جنوبی کشمیر کے پہاڑی ضلع شوپیان میں دوران شب نقب زنوں نے 12 لاکھ روپے مالیت کے طلائی زیورات اور 2 گائیں اڑالیں۔ پچھلے ایک سال کے دوران مویشی چوروں نے 13 گائیں جن کی مالیت 13 سے 14 لاکھ کے قریب ہیں اڑالی ہیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جنوبی کشمیر کے پہاڑی ضلع شوپیان کے دوبجی پورہ ناگہ بل میں 3 اور 4 اکتوبر کی درمیانی رات کو چوروں نے رہائشی مکان کا دروازہ توڑ کر اندر داخل ہوئے اور رہائشی مکان سے 12 لاکھ روپے مالیت کے طلائی زیورات اڑا لئے ہیں جبکہ اسی رات مویشی چوروں نے نثار احمد ملک اور محمد امین ملک کے گاؤ خانوں سے 2 گائیں بھی اڑالی ہیں۔ شوپیان کے لوگوں کے مطابق پنجورہ، دوبجی پورہ اور دوسرے علاقوں سے ایک سال کے دوران مویشی مافیا سے تعلق رکھنے والے افراد نے 13 سے 14 لاکھ روپے مالیت کی 13 گائیں اڑالی ہیں۔

### سمارٹ سٹی بسوں کے خلاف پانچ سو کے قریب چالان کاٹے گئے/ SSP

### کسی کو قانون کی خلاف ورزی کرنے کی اجازت یا چھوٹ نہیں دی جاسکتی

سرینگر/ اے پی آئی/ ٹریفک قوانین کو ہر مکتب ہائی فکر افراد، سرکاری و پرائیویٹ سے تعلق رکھنے والے نے لازمی قرار دیتے ہوئے ایس ایس پی ٹریفک سرینگر نے کہا ٹریفک کی قوانین کی خلاف ورزی کی پاداش میں تین ماہ کے دوران سمارٹ سٹی بسوں کے خلاف بھی کارروائیاں عمل میں لائی گئی ہیں۔ ٹریفک قوانین کو ہر ایک کے لئے لازمی قرار دیتے ہوئے کہا کہ انسانی حادثات کو ٹالنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق ایس ایس پی ٹریفک سرینگر نے اس بات کا انکشاف کیا کہ قانون ہر ایک کے لئے مساوی ہے اور کسی کو قانون کی خلاف ورزی کرنے کی اجازت یا چھوٹ نہیں دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل کرنا ہر ایک شہری کی ذمہ داری ہے۔ باشعور دور اندیش اور ہوش مند لوگ ہمیشہ ٹریفک قوانین پر من وعن عمل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک قانون کی خلاف ورزی کی پاداش میں/12

### میری اپیل ہے کہ لوگ امن واتحاد قائم رکھیں/سونم وانگ چک

### جیل میں ملاقات کے بعد وکیل اور بھائی کا میڈیا کے سامنے بیان

سرینگر/ یواین آئی/ سماجی رہنما سونم وانگچک نے عوام کے نام ایک پیغام میں کہا ہے کہ وہ جسمانی اور ذہنی طور پر بالکل ٹھیک ہیں اور انھوں نے لداخ کے آئینی حقوق کی جدوجہد کو پرامن طریقے سے جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وہ اس وقت جودھپور سنٹرل جیل میں نظر بند ہیں۔ وانگچک نے اپنے پیغام میں حالیہ پرتشدد احتجاجی واقعات میں ہونے والی ہلاکتوں پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے ایک آزاد عدالتی انکوائری کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب تک یہ انکوائری شروع نہیں کی جاتی وہ جیل میں رہنے کے لیے تیار ہیں۔ یہ بیان ان کے وکیل مصطفیٰ حاجی اور بڑے بھائی کا تسیتان دورجے لی نے میڈیا کو اس وقت دیا جب وہ گزشتہ روز جودھپور جیل میں وانگچک سے ملاقات کر کے باہر آئے۔ اپنے پیغام میں سونم وانگچک نے کہا: ' میں عوام کی دعاؤں اور ملک بھر سے ملنے والی نیک خواہشات کا شکر گزار ہوں۔ میری اپیل ہے کہ لوگ امن واتحاد قائم رکھیں اور جدوجہد کو عدم تشدد/5

### کپوارہ کے گاؤں میں چیتے کی نقل وحرکت سے افراتفری اور تشویش

### وائلڈ لائف پروٹیکشن نے موقعہ پر آ کر بالآخر جنگلی جانور کو پکڑ لیا

سرینگر/ سی این آئی/ جنوبی ضلع اننت ناگ کے گڈول اہلان کوکرناگ میں ریچھ کے حملے میں تین افراد زخمی ہو گئے جن کو علاج کیلئے اسپتال منتقل کیا گیا جبکہ کپوارہ کے اشپورہ قاضی آباد میں محکمہ وائلڈ لائف نے چیتے کو زندہ پکڑ لیا۔ سی این آئی کو نمائندے نے اس ضمن میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ اننت ناگ ضلع کے کوکرناگ عروہ اہلان گڈول میں ریچھ کے حملے کے بعد تین افراد شدید زخمی ہو گئے۔ اسی دوران کپواڑہ ضلع کے اشپورہ قاضی آباد علاقے میں اتوار کی صبح محکمہ وائلڈ لائف اور جموں وکشمیر پولیس کی مشترکہ ٹیم نے ایک مادہ چیتے کو زندہ پکڑ لیا۔ مقامی لوگوں کے مطابق تیندوے کو گاؤں میں گھومتے ہوئے دیکھا گیا، جس سے/6

### انگلستان کے وزیر اعظم کا 8 اکتوبر کو ہندوستان کا دورہ

### ممبئی میں گلوبل فنٹیک فیسٹ کے 6ویں ایڈیشن میں بھی شرکت کریں گے



سرینگر/ سی این آئی/ برطانیہ کے وزیر اعظم کیر سٹارمر، وزیر اعظم نریندر مودی کی دعوت پر 8 اکتوبر سے ہندوستان کا دوروزہ دورہ کریں گے۔ سی این آئی کے مطابق وزارت خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ برطانیہ کے وزیر اعظم سٹارمر اگلے ہفتے ہندوستان کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دورہ کے دوران 9 اکتوبر کو ممبئی میں دونوں وزرائے اعظم ''ویژن 2035 کے مطابق ہندوستان برطانیہ جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ کے مختلف پہلوؤں میں پیشرفت کا جائزہ لیں گے، جو کہ ایک توجہ مرکوز اور وقتی 10 سالہ روڈ میپ اور پروگراموں اور اقدامات کے اہم ستونوں میں تجارت، صحت اور سرمایہ کاری، توانائی، صحت اور سرمایہ کاری، صحت اور سرمایہ کاری کے اہم ستونوں میں پروگراموں اور اقدامات کا جائزہ لیں گے۔ وزیر اعظم مودی اور سٹارمر ممبئی میں گلوبل فنٹیک فیسٹ کے 6ویں ایڈیشن میں بھی شرکت کریں گے اور کلیدی خطاب کریں/7

### شیخ سعید عبدالقادر جیلانی (رح) کا عرس عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا

### عرس کی مرکزی تقریب خانیار سرینگر میں واقع آستانہ عالیہ دستگیر صاحب پر منعقد ہوئی

سرینگر/ یو این آئی/ وادی بھر میں پیران پیر حضرت شیخ سعید عبدالقادر جیلانی (رح) کا سالانہ عرس عقیدت و احترام اور تزک و احتشام کے ساتھ منایا گیا۔ عرس کی مرکزی تقریب خانیار سرینگر میں واقع آستانہ عالیہ دستگیر صاحب پر منعقد ہوئی جہاں ہفتہ کی شام سے ہی زائرین کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ اتوار کی صبح تک ہزاروں عقیدت مند درگاہ میں داخل ہونے کے منتظر نظر آئے۔ اگرچہ بارش نے موسم کو مزید سرد بنا دیا، مگر زائرین کی عقیدت میں کوئی کمی نہ آئی۔ شب کے دوران قرآن خوانی، نعتیہ خوانی، درود وسلام اور ذکر و اذکار کا سلسلہ پوری رات جاری رہا۔ زائرین میں شامل 65 سالہ حاجی غلام نبی بٹ، جو بڈگام سے آئے تھے، نے یواین آئی کو بتایا: ' یہاں آنا ہماری زندگی کا سب سے بڑا سکون ہے۔ جب تک ہم درگاہ پر حاضری نہ دیں، ہمیں اپنی روح ادھوری لگتی ہے۔ 'اسی طرح پلوامہ سے آئی ایک خاتون زائرہ، شاہینہ بیگم، نے کہا: ' ہم خواتین کے لئے موئے مبارک کی/9



### بارہمولہ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تمام ملازمین کو ہدایت

### سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر تبصرہ کرنے یا نامناسب مواد پوسٹ کرنے سے گریز کریں

سرینگر/ کے این ایس/ جموں وکشمیر کے بارہمولہ کے چیف ایجوکیشن آفیسر (سی ای او) نے محکمہ کے تحت کام کرنے والے تدریسی اور غیر تدریسی عملے کو ہدایت کی ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر حکومتی پالیسیوں پر تنقید کرنے سے گریز کریں، انہیں ملازمت سے برخاستگی سمیت تعزیری کارروائی کا انتباہ دیا گیا۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق ہفتہ کے روز ایک سرکلر میں، انہوں نے ضلع کے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تمام ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ "غیر ضروری بحث ومباحثے میں ملوث ہونے سے گریز کریں اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر تبصرہ کرنے یا نامناسب مواد پوسٹ کرنے سے گریز کریں"۔ بارہمولہ کے سی ای او نے کہا کہ جمعہ کو محکمہ تعلیم کے انتظامی سکریٹری کی صدارت میں ہونے والی میٹنگ میں تدریسی اور غیر تدریسی عملے کے ذریعہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر سرکاری پالیسیوں کی تنقید کرنے سے گریز کرنے کی ہداہت دی ہے/8

### موسم میں نئی کروٹ آنے کا خدشہ

### جموں کے سکول آج اور کل بند ہونگے

سرینگر/ سی این آئی/ محکمہ موسمیات کی جانب سے کی گئی پیشگوئی کو دیکھتے ہوئے محکمہ اسکولی تعلیم جموں نے 6 اور 7 اکتوبر کو تمام اسکول بند رکھنے کا حکمنامہ جاری کیا ہے۔ سی این آئی کے مطابق ڈائریکٹوریٹ آف سکول ایجوکیشن جموں نے بھاری بارشوں کی پیشگوئی کے پیش نظر جموں صوبے کے تمام سرکاری اور نجی اسکولوں کو دو دن کے لیے بند رکھنے کا حکم دیا ہے۔

## وادی کشمیر میں دستکاروں کے ہاتھوں کے کمال کا جشن منانے کا اہتمام

### 11، 25 اور 30 اکتوبر کو جہلم رِیور فرنٹ، کلاک ٹاور لال چوک اور ہیریٹیج برج راجباغ پر تقریبات

سرینگر/ محکمہ ہینڈی کرافٹس و ہینڈلوم کشمیر خطے کی لازوال فن کاری کے فیسٹول کو چار چاند لگانے کے لئے''اَپنے دست کار کو جانیں'' مہم کا آغاز کرنے جا رہا ہے۔ یہ دِل چسپ سیریز برانڈ''سول فل کشمیر'' کی تشہیر کا ایک اہم جزو ہے جس کا مقصد لوگوں کو کشمیر کی عالمی شہرت یافتہ دست کاریوں کے ساتھ موجود فنکاروں سے براہِ راست جوڑنا ہے۔ محکمہ کے ترجمان نے آج یہاں ایک پریس بیان میں بتایا کہ''اَپنے دست کار کو جانیں'' کے تحت تقریبات 11، 25 اور 30 راکتوبر کو سری نگر کے مشہور مقامات جہلم رِیور فرنٹ، کلاک ٹاور لال چوک اور ہیریٹیج برج راجباغ پر منعقد ہوں گی۔ اُنہوں نے کہا،''یہ ایک نادر موقعہ ہوگا جب قومی ایوارڈ یافتہ دستکار اور بُنکر اَپنے کام کی جگہوں سے نکل کر اَپنی ذاتی داستانوں کا اشتراک کریں گے، اَپنے فنون کی پیچیدہ تکنیکوں کو ظاہر کریں گے اور سیاحوں و مقامی لوگوں سے روبرو گفتگو کریں گے۔'' مہم کے دوران 15 جی آئی سے رجسٹرڈ کشمیری فنون کو بھی اُجاگر کیا جائے گا جن میں قالین بافی کی بُنائی کے مسحور کن نمونے، پشمینہ اور کانی بُنائی کی نفاست، پیپر ماشی کی نازک فن کاری، اخروٹ کی لکڑی پر نقش نگاری کا فن اور چھتوں کی شاندار''خَتمبند'' کاریگری شامل ہیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ سیاحوں کو یہ بھی بتایا جائے گا کہ کیو آر کوڈِنگ کس طرح سے مصنوعات کی اصلیت کی تصدیق میں اہم کردار ادا کرتی ہے تاکہ ہر فن پارہ کشمیری ورثے کی حقیقی مہر کے ساتھ پہچانا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ ان تقریبات میں سری نگر کے عالمی''ورلڈ کرافٹ سٹی'' کے درجے اور یونیسکو کے کریٹیو سٹیز نیٹ ورک میں شامل ہونے کی باوقار حیثیت کو بھی نمایاں کیا جائے گا جو عالمی دستکاری کے میدان میں شہر کی بے مثال خدمات کا اعتراف ہے۔ محکمہ خصوصی طور پر طلباً کے لئے ماہر و مشہور دستکاروں کے ساتھ مکالماتی سیشنوں کا بھی اہتمام/10

## وادی کے اردگرد پہاڑوں کی چوٹیوں پر تازہ ہلکی ہلکی برف باری

### اگلے تین دنوں کے دوران تیز بارشوں سے قبل خوفناک گن گرج کے امکانات

سرینگر/ سی این آئی/ موسم سرما کی آمد کے ساتھ ہی وسطی ضلع گاندربل کے بالائی علاقوں میں تازہ برفباری اور جنوبی کشمیر کے علاقوں میں ہلکی بارشوں کے بیچ وادی کشمیر ایک بار پھر شدید سردی کی لہر لپیٹ میں آگئی ہے۔ ادھر محکمہ موسمیات نے نیا موسمی کلینڈر جاری کرتے ہوئے آج سے 08 اکتوبر تک پیر پنچال کے آرپار وسیع پیمانے پر بارشوں اور برفباری کی پیشنگوئی کی ہے۔ سی این آئی کے مطابق وادی کشمیر میں ابرآلود موسمی صورتحال کے بیچ وسطی کشمیر کے گاندربل کے بالائی علاقوں خاص طور پر زوجیلا اور زیرو پوائنٹ سونہ مرگ میں تازہ ہلکی برفباری ریکارڈ کی گئی جبکہ جنوبی کشمیر کے کچھ علاقوں میں ہلکی بوندا باندی بھی ہوئی۔ تازہ بارشوں اور ہلکی برفباری کے باعث درجہ حرارت میں کافی کمی ریکارڈ کی گئی ہے جس کے نتیجے میں سردی کی لہر میں اضافہ دیکھنے کو ملا رہا ہے۔ محکمہ کے مطابق درجہ حرارت میں کمی ہونے کے ساتھ ہی پوری وادی سخت ترین سردی کے لپیٹ میں آچکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وادی کے ساتھ ساتھ لداخ خطہ بھی شدید سردی کی لپیٹ میں ہے۔ ترجمان کے مطابق جموں خطہ میں بھی درجہ حرارت میں کافی گراوٹ آئی ہے۔ ادھر محکمہ موسمیات نے نیا موسمی کلینڈر جاری کرتے ہوئے 05 سے 08 اکتوبر تک ٹنل کے آر پار وسیع پیمانے برفباری اور بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہوائیں جموں کشمیر میں اثر انداز ہو رہی ہیں جس سے موسمی صورتحال میں تبدیلی آسکتی ہے۔ ڈائریکٹر محکمہ موسمیات مختار احمد نے بتایا کہ آج سے 08 اکتوبر تک برفباری اور بارشیں ہونے کا بھی امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ تازہ مغربی ہوائیں جموں وکشمیر میں اثر انداز ہو رہی ہیں جس سے 08 اکتوبر تک بارش اور برفباری کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر نے بتایا کہ کشمیر کے کچھ ایک مقامات پر جزوی طور پر/11

# سپورٹس ٹائمز

## رافیل نڈال کو اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری



میڈرڈ(5 اکتوبر(یو این آئی)عالمی شہرت یافتہ ہسپانوی ٹینس اسٹار رافیل نڈال کو اسپین کی قدیم ترین درسگاہ یونیورسٹی آف سلامانکا (USAL) کی جانب سے اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری دے دی گئی۔ یہ اعزاز ان کو ایک خصوصی تقریب میں دیا گیا، یونیورسٹی آف سلامانکا دنیا کی چوتھی قدیم ترین یونیورسٹی ہے، اس سے قبل کسی بھی کھلاڑی کو یہ اعزازی سند نہیں دی گئی تھی۔ تقریب کے دوران رافیل نڈال نے روایتی نیلا گاؤن اور ٹوپی پہن کر حلف لیا، جس کے بعد انہیں باضابطہ طور پر ڈاکٹر آنوریس کاؤزا کا تمغہ عطا کیا گیا۔22 مرتبہ کے گرینڈ سلم چیمپئن نڈال نے اپنے انسٹاگرام پیغام میں اس موقع پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ فخر، شکر گزاری اور خوشی، میرے لیے یہ ایک عظیم اعزاز ہے کہ میں اس تاریخی یونیورسٹی کا پہلا کھلاڑی ہوں جس نے اسپین کی ثقافت پر گہرا اثر چھوڑا ہے۔ نڈال نے اپنی تقریر میں کہا کہ کھیل انسان کی شخصیت نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے کیونکہ یہ حریف کا احترام، دیانت دارانہ مقابلہ اور دوسروں کی محنت کو سراہنے کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک ایسی دنیا میں جو تقسیم اور انتشار کی طرف بڑھ رہی ہے، میرا یقین ہے کہ کھیل انسانوں کے درمیان تعلق، ہم آہنگی اور باہمی احترام کا پل بن سکتا ہے، سلامانکا اور یونیورسٹی آف سلامانکا کے تمام لوگوں کا شکریہ، یہ دن ہمیشہ میری یادوں میں زندہ رہے گا۔ رافیل نڈال کے اس تاریخی اعزاز کے موقع پر ان کی اہلیہ میری پیریلو، والدین سیباسٹیان اور آنا ماریا اور بہن ماریبل بھی تقریب میں موجود تھیں۔

## جڈیجہ 4000 رنز اور 300 وکٹوں کے ڈبل کے قریب ہیں



نئی دہلی، 5 اکتوبر (یو این آئی): احمد آباد میں ویسٹ انڈیز کے خلاف آل راؤنڈ کارکردگی کے لیے پلیئر آف دی میچ قرار پانے والے ہندوستانی آل راؤنڈر رویندر جڈیجہ 4000 رنز اور 300 وکٹوں کے تاریخی ڈبل کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ انہیں یہ کارنامہ انجام دینے اور اس منفرد کلب کے چوتھے رکن بننے کے لیے صرف 10 مزید رنز درکار ہیں۔ امکان ہے کہ وہ دہلی میں کھیلے جانے والے دوسرے ٹیسٹ میں یہ سنگ میل حاصل کر لیں گے۔ فی الحال صرف کپل دیو ایسے ہندوستانی کھلاڑی ہیں جن کے پاس 5000 رنز اور 400 وکٹوں کا اعزاز ہے، لیکن جڈیجہ تیزی سے ان کے نقشِ قدم پر چل رہے ہیں۔ جڈیجہ نے اب تک 3990 رنز اور 334 وکٹیں حاصل کی ہیں اور اس کارکردگی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ آنے والے وقت میں مزید تاریخی کامیابیاں اپنے نام کر سکتے ہیں۔ پہلے ٹیسٹ کے بعد جب ان سے اس کامیابی کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے مسکراتے ہوئے کہا، "اب آپ مجھ پر دباؤ ڈال رہے ہیں، مجھے یہ سوچنا ہوگا کہ مزید 1000 رنز اور 70-60 وکٹیں کیسے حاصل کروں۔" تاہم انہوں نے واضح کیا کہ وہ اعداد و شمار کے بجائے کھیل سے لطف اندوز ہونے پر زیادہ توجہ دے رہے ہیں۔ جڈیجہ نے کہا، "میں ریکارڈز کے پیچھے نہیں بھاگتا۔ میری پوری توجہ اپنی فٹنس برقرار رکھنے اور ہر میچ میں بہترین کارکردگی دکھانے پر ہے۔" 36 سال کی عمر میں بھی جڈیجہ کی فٹنس اور فارم متاثر کن ہے۔ انہوں نے احمد آباد ٹیسٹ میں ناقابلِ شکست 104 رنز بنائے اور دوسری اننگز میں چار وکٹیں حاصل کر کے ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی یہ سنچری 2025 میں جڈیجہ کے لیے ایک شاندار آغاز ثابت ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق، اس سال اب تک وہ سات ٹیسٹ میچوں میں 82.37 کی اوسط سے 659 رنز بنا چکے ہیں، جن میں دو سنچریاں اور پانچ نصف سنچریاں شامل ہیں۔ خاص طور پر انگلینڈ کے خلاف سیریز میں انہوں نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آٹھ اننگز میں 516 رنز بنائے، جن میں چھ نصف سنچریاں شامل تھیں۔ جڈیجہ کی مسلسل کارکردگی اور ہمہ جہتی صلاحیتوں نے انہیں نہ صرف ٹیم انڈیا کا اہم ستون بنا دیا ہے بلکہ عالمی سطح پر بھی ایک منفرد آل راؤنڈر کے طور پر تسلیم کرایا ہے۔ اگر وہ آئندہ چند میچوں میں اسی رفتار سے کھیل جاری رکھتے ہیں، تو وہ جلد ہی ہندوستانی کرکٹ کی تاریخ میں ایک اور سنہری باب رقم کر سکتے ہیں۔ ماہرینِ کرکٹ کا کہنا ہے کہ رویندر جڈیجہ کی کامیابی محض ان کی فٹنس اور آل راؤنڈ کارکردگی کا نتیجہ نہیں بلکہ ان کی مستقل مزاجی، محنت اور کھیل کے تئیں غیر متزلزل جذبے کی عکاسی کرتی ہے۔ میدان میں ان کی توانائی، شاندار فیلڈنگ اور اہم مواقع پر کارگر بولنگ نے انہیں ٹیم انڈیا کے لیے ایک قیمتی اثاثہ بنا دیا ہے۔ اگر وہ آئندہ برسوں میں اسی جذبے کے ساتھ کھیل جاری رکھتے ہیں تو وہ نہ صرف نئے ریکارڈ قائم کریں گے بلکہ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایک مثالی رول ماڈل بھی بن جائیں گے۔

## فٹنس متوازن زندگی کی بنیاد ہے / ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ

نئی دہلی، 5 اکتوبر (یو این آئی) مرکزی وزیر کھیل ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے آج صبح یہاں میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر فٹ انڈیا سائیکل کے 43ویں ایڈیشن کی قیادت کی۔ یہ تقریب ملک بھر میں 10,500 مقامات پر بیک وقت منعقد کی گئی۔ فٹنس ڈرائیو نے 1,000 سے زیادہ شرکاء کو اپنی طرف متوجہ کیا، جن میں دہلی کے اساتذہ، کھلاڑی، فٹنس متاثر کن افراد اور نوجوان شامل تھے۔ شرکاء میں اولمپک میڈلسٹ ابھیشیک نین، ہندوستانی ہاکی ٹیم کے ایک اہم رکن، شطرنج کے لیجنڈ تانیہ سچدیو، ابھرتے ہوئے جیولن تھرو ور سچن یادو اور ہندوستان کے پش اپ مین روہتاش چودھری شامل تھے۔ اس تقریب میں اساتذہ کے لیے وقف ایک جاندار اسٹریٹ پلے، یوگا سیشن، روپ جمپنگ، فٹنس گیمز اور بچوں کی شرکت کا زون بھی شامل تھا۔ اس موقع پر ڈاکٹر منڈاویہ نے اس پہل کو ایک حقیقی ملک گیر تحریک قرار دیتے ہوئے کہا، "اس تحریک کے ذریعے ہر اتوار کو 10,500 مقامات پر لاکھوں شہری خود کو فٹ رکھنے کے لیے سائیکل چلاتے ہیں۔ یہ ہمارے وزیر اعظم نریندر مودی کے وضع کردہ فٹ انڈیا ویژن کا جشن بن گیا ہے۔



انہوں نے مزید کہا، "اگر ہر شہری ایک گھنٹہ بھی جسمانی سرگرمی کے لیے وقف کرے، تو ہندوستان ایک ترقی یافتہ ہندوستان، مضبوط، صحت مند اور متحد کے خواب کی طرف آگے بڑھے گا۔ آج کے پروگرام میں بہت سے اساتذہ نے حصہ لیا اور طلباء کے ساتھ زندگی میں توازن برقرار رکھنے کا پیغام شیئر کیا۔ سائیکل کے پیڈل ہمیں زندگی کا سب سے بڑا سبق سکھاتے ہیں۔" ہم صرف توازن برقرار رکھ کر ہی آگے بڑھتے ہیں یہ توازن زندگی کی بنیاد ہے اور یہ فٹنس سے آتی ہے۔

## سری لنکا کے کوچنگ پینل میں تبدیلی

کولمبو، 5 اکتوبر (یو این آئی) سری لنکا کرکٹ نے مردوں کی قومی ٹیم کے کوچنگ اسٹاف میں بڑی تبدیلیاں کرتے ہوئے جولین ووڈ کو نیا بیٹنگ کوچ اور رین فرڈینیڈز کو اسپن بولنگ کوچ مقرر کیا ہے۔ ووڈ ایک سال کے معاہدے پر نئے بیٹنگ کوچ کے طور پر ٹیم میں شامل ہوں گے، جب کہ فرڈینیڈز ماہر اسپنرز وینندو ہسرنگا اور مہیش تھیکشنا کے ساتھ نئے اسپن بولنگ کوچ کے طور پر کام کریں گے۔ یہ جوڑی تھیلینا کنڈامبی اور پیال وجیتونگے کی جگہ لے گی۔ دونوں کوچز تجربہ کار ہیں اور انہوں نے سری لنکن ٹیم کو مضبوط بنانے پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ سری لنکا کرکٹ نے ایک ریلیز میں کہا وہ (ووڈ) اس سے قبل انگلینڈ اور ویلز کرکٹ بورڈ (ECB)، گلوسٹر شائر CCC، ہیمپشائر CCC، Middlesex CCC، اور IPL فرنچائز پنجاب کنگز کے ساتھ کام کر چکے ہیں۔" 56 سالہ فرڈینیڈز نے اپنے کوچنگ کیریئر سے قبل فرسٹ کلاس کرکٹ میں نیوزی لینڈ کی نمائندگی کی تھی۔ ریلیز کے مطابق فرڈینیڈز، جنہوں نے وائیکاٹو یونیورسٹی سے بائیو مکینکس میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے، کرکٹ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے سائنس کے اطلاق میں وسیع مہارت رکھتے ہیں۔ اس سے قبل انھوں نے انڈین نیشنل کرکٹ اکیڈمی (NCA) کے ساتھ کام کیا، جہاں انھوں نے سرفہرست کھلاڑیوں اور کوچز کے لیے بائیو مکینکس پر مبنی کوچنگ پروگرام فراہم کیے ہیں۔ ایک ماہر، کلائی اور نئی انگلیوں کے لیے بطور اسپیشلسٹ بائیو مکینکس کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔

## راج نندگاؤں قومی باسکٹ بال چیمپئن شپ کی میزبانی کیلئے تیار



راج نند گاؤں، 5 اکتوبر (یو این آئی) چھتیس گڑھ میں کھیلوں کے شائقین اس بات پر خوش ہیں کہ دہلی پبلک اسکول (ڈی پی ایس) اس سال سی بی ایس ای نیشنل باسکٹ بال چیمپئن شپ (بوائز) 2025 کی میزبانی کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ یہ باوقار مقابلہ، جو پیر سے 11 اکتوبر تک جاری رہے گا، 14، 17 اور 19 سال کی عمر کے گروپوں میں منعقد کیا جائے گا۔ کل 72 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، جن میں سے سبھی نے اپنے اپنے سی بی ایس ای کلسٹر گروپوں کے فاتحین کے طور پر نیشنلز کے لیے کوالیفائی کیا ہے۔ ہندوستان بھر کی مختلف ریاستوں سے 58 ٹیمیں حصہ لیں گی، جبکہ 12 بین الاقوامی ٹیمیں —دبئی، عمان، مسقط، کویت اور سعودی عرب بھی چیمپئن شپ کا حصہ ہوں گی، جس سے یہ عالمی سطح کا مقابلہ ہوگا۔ اس عظیم الشان کھیلوں کے ایکسٹراوگنزا میں 750 کھلاڑی، 100 کوچز اور 50 ریفری شامل ہوں گے۔ سی بی ایس ای باسکٹ بال اسکول نیشنل گیمز کا یہ 28 واں سال ہے، اور ڈی پی ایس راج نند گاؤں پانچویں بار کھیلوں کے ایونٹ کی میزبانی کر رہا ہے۔ اس سے پہلے، اسکول نے کامیابی کے ساتھ تین بار سی بی ایس ای نیشنل چیمپئن شپ اور دو بار ایس جی ایف آئی مقابلوں کی میزبانی کی ہے۔ یہ تیسرا سی بی ایس ای نیشنل گیمز اسکول کے لیے خاص فخر کی بات ہے۔

## راجماتا جیجابائی ٹرافی: ہریانہ کو شکست دے کر منی پور کا فاتحانہ آغاز



نارائن پور، 5 اکتوبر (یو این آئی) 23 بار کی دفاعی چمپئن منی پور نے آل انڈیا فٹ بال فیڈریشن کی 30 ویں سینئر ویمنس نیشنل فٹ بال چمپئن شپ (راجماتا جیجابائی ٹرافی) میں شاندار کارکردگی کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرتے ہوئے ہریانہ کو 0-3 سے شکست دی۔ رام کرشنا مشن گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچ میں منی پور نے اپنے تجربے اور مہارت کا مؤثر طریقے سے مظاہرہ کیا۔ منی پور کی جیت میں ڈانگمی گریس (جرسی نمبر 8) اسٹار پرفارمر تھیں، جنہوں نے 25 ویں اور 53 ویں منٹ میں دو گول کئے۔ کموچم بھومیکا دیوی (جرسی نمبر 11) نے بھی ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کیا، انہوں نے 63 ویں منٹ میں تیسرا گول کیا۔ منی پور کی کپتان اور گول کیپر ایلنگ بام پنتھوئی چانو نے ٹیم کی جیت کو یقینی بنانے کے لیے کچھ اہم بچاؤ کیا۔ ہریانہ نے چند مواقع پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کی، لیکن منی پور کے مضبوط دفاع کے خلاف وہ کامیاب نہ ہو سکا۔ دوسرے میچ میں آسام نے پنجاب کو 1-2 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کی اپنی دوسری جیت درج کی۔ پنجاب نے 10 ویں منٹ میں شوئب تیجیبالا دیوی کے گول سے برتری حاصل کی، لیکن آسام کے ننگا دھوچم رونی اے دیوی (63 ویں منٹ) اور رینگو نجام کرن بالا چانو (80 ویں منٹ) کے گول نے میچ کا رخ موڑ دیا۔ یہ ٹورنامنٹ خواتین کے فٹ بال میں ابھرتے اور قائم ہونے والے ٹیلنٹ کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے۔

## محمد سراج، ہندوستان کے ہر نوجوان کیلئے حوصلہ کی علامت

حیدر آباد 5 اکتوبر (یو این آئی) جب محمد سراج نے احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گیند سنبھالی تو میدان میں ایک خاص خاموشی تھی۔ ویسٹ انڈیز کے بلے باز ابھی کریز پر قدم جما ہی رہے تھے کہ سراج کی پہلی گیند نے فضا کا رنگ بدل دیا۔ وہ گیند نہیں، گویا ہوا کا ایک تیز جھونکا تھی جس نے مخالف ٹیم کے حوصلے اڑا دیئے۔ پہلی اننگز میں صرف 14 اوورس میں 40 رنز کے عوض 4 وکٹیں حاصل کرنا محض ایک اسکور نہیں بلکہ ایک کہانی ہے۔ ایک ایسے نوجوان کی کہانی جو کبھی حیدر آباد کی گلیوں میں آٹو ڈرائیور کے بیٹے کے طور پر خواب دیکھتا تھا اور آج دنیا کے بڑے میدانوں میں فتوحات رقم کر رہا ہے۔ سراج نے اپنا کھیل وہیں سے شروع کیا جب انہوں نے زائد از تین ماہ پہلے جون میں انگلینڈ کے خلاف اوول ٹسٹ میں ختم کیا تھا۔ تین ماہ سے زائد کا عرصہ ہونے کے باوجود سراج کے ردم میں کوئی فرق نہیں آیا بلکہ انہوں نے درکار آرام کا فائدہ اٹھایا اور بھرپوری طرح چاق وچوبند نظر آئے۔ انہوں نے میچ کے بعد پریس کانفرنس کے دوران احمد آباد کی پچ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پچ کے ہری ہونے کی سبب اس سے کافی مدد ملی۔ ہندوستان میں عموماً فاسٹ بولرس کے لئے ایسی پچس نہیں ہوتی ہیں۔ اس پچ سے فاسٹ بولرس کو مدد ملی۔ سراج کی بولنگ میں ایک خاص جرات اور بھروسہ جھلکتا ہے۔ وہ ہر گیند کے ساتھ میدان میں ایک پیغام دیتے ہیں کہ پسینہ، صبر اور عزم کبھی رائیگاں نہیں جاتے۔ احمد آباد ٹسٹ میں ان کی نپی تلی بولنگ نے ویسٹ انڈیز کی بیٹنگ لائن کو جکڑ لیا۔ گیند کبھی ہوا میں لہراتی، کبھی وکٹ کی جھاگ اڑاتی اور ہر بار ایک نئی جھلک دکھائی دیتی۔ یہی وجہ ہے کہ کرکٹ ماہرین نے اس کارکردگی کو سراج کے کیریئر کا ایک نیا موڑ قرار دیا ہے۔ سراج اب صرف ایک بولر نہیں، وہ ہندوستان کے ہر نوجوان کے لئے حوصلہ کی علامت بن چکے ہیں۔ احمد آباد کی یہ کامیابی شائد ان کے اعداد و شمار میں ایک اضافہ ہو، مگر ان کے مداحوں کے دلوں میں یہ ایک یادگار لمحہ بن گئی ہے۔ ایک لمحہ جب حیدر آباد کا سپوت، اپنی رفتار سے، دنیا کو چپ کرا گیا۔



## ہنری تھورنٹن فوڈ پوائزننگ کے باعث ہسپتال میں داخل



کانپور، 5 اکتوبر (یو این آئی) آسٹریلیا کے ایک تیز گیند باز ہنری تھورنٹن کو ہندوستان اے کے خلاف جاری غیر سرکاری ون ڈے سیریز کے دوران پیٹ میں شدید انفیکشن ہونے کے بعد کانپور کے اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ انفیکشن فوڈ پوائزننگ کی وجہ سے ہوا تھا۔ 27 سالہ فاسٹ باؤلر ہوٹل میں ٹیم کے کھانے کے کچھ دیر بعد بیمار ہو گئے اور انہیں علاج کے لیے ریجنسی ہسپتال لے جایا گیا۔ ٹیم مینجمنٹ نے بتایا کہ کانپور پہنچنے سے پہلے تھورنٹن کو ہلکے پیٹ درد کا سامنا تھا۔ تاہم، ٹیم کے پہنچنے کے بعد ان کی حالت مزید بگڑ گئی، ممکنہ طور پر ہوٹل میں کھائے گئے کچھ کھانے کی وجہ سے۔ اس کے جواب میں آسٹریلوی ٹیم نے اپنے ڈائٹ پلان پر نظر ثانی کی ہے اور سخت خوراک اور ہائیڈریشن پروٹوکول کو نافذ کیا ہے۔

